# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 24 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 24/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کی زبردست کامیابی۔ بی جے پی کو 132، شیوسینا 57 اور راشٹروادی کانگریس کو 41 نشستیں۔

☆ مہاراشٹر نے ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو مزید مضبوط کیا ہے۔ ریاستی انتخابی نتائج پر وزیر اعظم کا ردّ عمل۔

☆ مراٹھواڑہ کی کل 46 میں سے مہایوتی کو 39 اور مہا وکاس آگھاڑی کو محض 7 نشستیں۔

☆ ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخابات میں کانگریس کے پروفیسر رویندر چوہان فاتح۔

اور۔۔۔☆ بارڈر گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کو 269 رنوں کی سبقت۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کی زیر قیادت مہایوتی نے زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ کل 288 حلقوں میں سے بی جے پی نے 132، شیوسینا 57، اور راشٹروادی کانگریس نے 41 حلقوں میں کامیابی حاصل کی۔ جبکہ مہا وکاس آگھاڑی میں شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے 20 نشستیں جیتی۔ کانگریس کو 16 اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کو 10 نشستوں پر اکتفا کرنا پڑا۔ سماج وادی پارٹی اور جن سوراجیہ شکتی پارٹی نے دو دو نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ ایک ایک نشستیں جیتنے والی پارٹیوں میں ایم آئی ایم، راشٹریہ یوا سوابھیمان پارٹی، راشٹریہ سماج پارٹی، سی پی آئی ایم، کسان مزدور پارٹی اور راجشری شاہو وکاس آگھاڑی شامل ہیں۔

***** **** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے ان نتائج پر اپنے تاثرات پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس فتح سے مہاراشٹر نے ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو مزید مضبوط کیا ہے۔ وہ کل دہلی میں بی جے پی صدر دفتر پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے ریاست کے رائے دہندگان کے تئیں اظہار تشکر کرتے ہوئے کارکنوں کو مبارکباد پیش کی۔

***** **** *****

سابق وزیر اعلیٰ ادھوٹھا کرے نے اپنا رد عمل دیتے ہوئے ان نتائج کو نا قابل فہم قرار دیا۔کانگریس قائد راہول گاندھی نے بھی نتائج کو غیر متوقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا تفصیلی جائزہ لیا جائیگا۔

دوسری جانب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ ہم نے عوام کے ووٹ نہیں بلکہ دل جیتے ہیں۔کل ممبئی میں مہایوتی کی مشترکہ اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام الزامات کی اور منفی سیاست نہیں چاہتے بلکہ ترقی چاہتے ہیں اور ہماری حکومت نے گذشتہ ڈھائی سال میں ترقی پر توجہ دی۔جس کے نتائج ہمیں ملے۔اس کے علاوہ مرکزی حکومت نے بھی ریاستی حکومت کا بھر پور ساتھ دیا۔

نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار بھی اس موقع پر موجود تھے۔پھڑنویس نے کہا کہ عوام کی جانب سے دیئے گئے فیصلے پر سر تسلیم خم ہے۔اور عوام نے جو اعتماد دکھایا ہے اسے درست ثابت کیا جائیگا۔اجیت پوار نے ترقی کے موضوع پر مہایوتی کو کامیابی دلانے پر عوام کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ لوک سبھا میں ہوئی ناکامی کو پس پشت ڈال کر اس کامیابی کے بعد عوام کا کام کرتے رہیں گے۔

***** ***** *****

گذشتہ حکومت کی کابینہ میں شامل بیشتر چہروں پر عوام نے اعتماد کا اظہار کرکے انہیں دوبارہ اسمبلی میں پہنچایا ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے اپنے اپنے حلقوں سے کامیابی حاصل کی ۔ان کے علاوہ گریش مہاجن، دھننجے منڈے ،عبدالستار، سنجے بنسوڑے، چھگن بھجبل،حسن مشرف، تاناجی ساونت،اودئے سامنت، آدیتی تٹکرے، دیپک کیسرکر،اتول ساوے، دادا بھوسے،منگل پربھات لوڈھا، رادھا کرشن وکھے پاٹل، شمبھوراج دیسائی، دلیپ ولسے پاٹل اور گلاب راؤ پاٹل سمیت بیشتر وزراء نے دوبارہ کامیابی حاصل کی۔

دوسری جانب کئی نوجوان چہروں کو بھی عوام نے اسمبلی بھیجا ہے۔جن میں اشوک چوہان کی صاحبزادی ،شری جیہ چوہان، راؤ صاحب دانوے کی صاحبزادی، سنجنا جادھو، رکن پارلیمان سندیپان بھومرے کے فرزند ولاس بھومرے،نواب ملک کی صاحبزادی ثناء ملک ،ریاست ک سابق وزیر داخلہ آنجہانی آر آر پاٹل کے فرزند روہیت پاٹل شامل ہیں۔

اسی طرح کئی نئے چہروں کے علاوہ تجربہ کار رہنماؤں کو بھی عوام نے مسترد کر دیا ہے۔جن میں راج ٹھاکرے کے فرزند امیت ٹھاکرے، شرد پوار کے پوتے یوگیندر پوار، ایکناتھ کھڑسے کی صاحبزادی روہنی کھڑسے کے علاوہ پرہارجن شکتی کے بچو کڑو، سابق وزیر اعلیٰ پرتھوی راج چوہان، سابق وزیر باڑا صاحب تھورات، راجیش ٹوپے اور مانک راؤ ٹھاکرے وغیرہ شامل ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کے دیگر کامیاب امیدواروں میں قابل ذکر راہول، آدتیہ ٹھاکرے، ورون دیسائی، مہیش ساونت، جینت پاٹل، جتندر آہواڑ، وجے ڈیٹی وار، روی رانا، دیپک کیسر کر، آدیتی تٹکرے، نیلیش رانے اور نتیش رانے شامل ہیں۔

************

جلگاؤں ضلع میں تمام 11 اور دھولیہ ضلع کی تمام 5 / نشستوں پر مہایوتی کے امیدوار کامیاب ہوئے۔ ناسک کی 15 / میں سے 14 نندوربار کی 4 میں سے 3 نشستوں پر بھی مہایوتی نے کامیابی حاصل کی۔

************

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

************

مراٹھواڑہ کے 46 / اسمبلی حلقوں میں مہایوتی کے 39 اور مہاوکاس آگھاڑی کے 7 / امیدوار کامیاب قرار پائے۔ جالنہ ضلع سے مہایوتی کے نارائن کوچے، شیوسینا کے ارجن کھوتکر، شیوسینا ہی کے حکمت اُڈھان، بی جے پی کے ببن راؤلونیکر، اور بی جے پی کے ہی سنتوش دانوے کامیاب ہوئے۔

بیڑ ضلع میں راشٹروادی شرد چندر پوار پارٹی کے سندیپ شیر ساگر، بی جے پی کے سریش دھس، این سی پی کے پرکاش ساڑونکے، بی جے پی کی نمیتا منڈرا اور راشٹروادی کانگریس کے وجے سنگھ پنڈت نے کامیابی حاصل کی۔

پربھنی ضلع میں شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے راہول پاٹل، این سی پی کے راجیش وٹیکر، بی جے پی کی میگھنا بورڈیکر اور راشٹریہ سماج پارٹی کے رتنا کر گٹے کامیاب ہوئے۔

************

ہنگولی ضلع میں این سی پی کے راجو نوگھرے، بی جے پی کے تاناجی موٹ کڑے اور شیوسینا کے سنتوش بانگر نے کامیابی حاصل کی۔

لاتور ضلع میں بی جے پی کے رمیش کراڑ، این سی پی کے بابا صاحب پاٹل، سنجے بنسوڑے، بی جے پی کے سمبھاجی پاٹل نیلنگیکر اور ابھیمنیو پوار اور کانگریس کے امیت دیشمکھ کامیاب ہوئے۔

ناندیڑ ضلع میں شیوسینا کے آنند بونڈارکر اور بالاجی کلیانکر، بی جے پی کے راجیش پوار، جتیش انتاپورکر، تو شار راٹھوڑ اور شری جید چوہان، بھیم راؤ کے رام، این سی پی کے پرتاپ پاٹل اور شیوسینا کے بابوراؤ کدم کوہلیکر نے جیت حاصل کی۔

************

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں اورنگ آباد وسطی حلقے سے شیوسینا کے پردیپ جیسوال، اورنگ آباد مغرب حلقے سے شیوسینا کے سنجے شرساٹھ، اورنگ آباد مشرق حلقے سے بی جے پی کے اتول ساوے نے کامیابی حاصل کی۔ گنگاپور کے حلقہ انتخاب سے بی جے پی کے پرشانت بمب، ویجاپور میں شیوسینا کے رمیش بورنارے، کنڑ سے شیوسینا کی سنجنا جادھو، پھلمبری میں بی جے پی کی انورادھا چوہان، سلوڑ

میں شیوسینا کے عبدالستار اور پیٹھن حلقے سے شیوسینا کے ولاس بھومبرے نے میدان مار لیا۔

************

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے 34 اور کانگریس نے 15 نشستوں پر جیت درج کی۔ بی جے پی 20 نشستیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی۔

کیرالا کے وائناڑ لوک سبھا حلقے کے ضمنی انتخابات میں کانگریس کی پرینکا گاندھی نے 4 لاکھ 10 ہزار 931 ووٹوں کے فرق سے کامیابی حاصل کی۔

ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب میں کانگریس کے پروفیسر رویندر چوہان نے کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے بی جے پی کے سنتوش ہمبرڈے کو 14 سو 57 ووٹوں سے شکست دی۔

************

کرکٹ

بارڈر گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کی ٹیم نے 270 رنوں کی برتری حاصل کر لی ہے۔ تازہ ترین اطلاعات آنے تک بھارت کی ٹیم نے اپنی دوسری اننگ میں ایک وکٹ پر 224 رن بنا لئے۔ یشسوی جیسوال نے آج اپنی سنچری مکمل کی۔ وہ 117 رن بنا کر کھیل رہے ہیں۔ ان کے ساتھ دیودت پڈیکل کریز پر موجود ہیں۔

************

وزیراعظم نریندر مودی آج آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک کی عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس سلسلے کا 116/ واں پروگرام ہے۔ آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز اسے اب سے کچھ دیر بعد 11/ بجے نشر کریں گے۔

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کی زبردست کامیابی۔ بی جے پی کو 132، شیوسینا 57 اور راشٹروادی کانگریس کو 41 نشستیں۔

☆ مہاراشٹر نے ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو مزید مضبوط کیا ہے۔ ریاستی انتخابی نتائج پر وزیراعظم کا ردّ عمل۔

☆ مراٹھواڑہ کی کل 46 میں سے مہایوتی کو 39 اور مہاوکاس آگھاڑی کو محض 7 نشستیں۔

☆ ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخابات میں کانگریس کے پروفیسر رویندر چوہان فاتح۔

اور۔۔۔☆ بارڈر گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کو 269 رنوں کی سبقت۔

***** ***** *****